© rasailojaraid.com



# نظرات

نہایت افسوس اور شرم کی بات ہے کہ پچھلے دنوں خاص عیدگاہ میں جب کہ ابھی خطبہ ختم بھی نہیں ہوا تھا مرادآباد میں جو واقعہ پیش آیا اور جس کے نتیجہ میں مرادآباد میں خصوصاً اور شمالی ہند کے دوسرے علاقوں میں عموماً حرب و ضرب، قید و حبس اور قتل و غارت گری کے جو واقعات مسلسل کئی دنوں تک پیش آتے رہے، انہوں نے ایک مرتبہ پھر ہم کو یہ یاد دلایا کہ آزادی پر ۳۳ برس گذر جانے، صنعت و حرفت اور تعمیرات و زراعت میں ترقی کرنے اور جمہوریت و سکولرزم کے ہزار دعاوی کے باوجود تہذیبی اور اخلاقی حیثیت سے ہمارا ملک اس دور وحشت و بربریت سے اب تک آگے نہیں بڑھا جس میں وہ تقسیم کے وقت گرفتار تھا، یہ ایک نہایت تلخ اور حد درجہ تکلیف دہ حقیقت ہے لیکن ہمیں کھلے دل اور صاف ذہن کے ساتھ اس کا برملا اعتراف کرنا چاہئے، ان واقعات کی سنگینی کا اندازہ اسی سے ہوسکتا ہے کہ ۱۵ر اگست کو وزیراعظم نے لال قلعہ سے یوم آزادی کی تقریب میں جو تقریر کی اس کا آغاز ہی انہوں نے مرادآباد کے حادثۂ فاجعہ سے کیا اور دیر تک وہ اس پر اپنے غم و غصہ اور گہرے درد و کرب کا اظہار کرتی رہیں، لیکن اس کے باوجود انگریزی اور اردو کے بعض اخبارات نے اس سلسلہ میں جو انتہائی غیر ذمہ دارانہ روش اختیار کی ہے اور بے سر و پا افسانے تراشے ہیں اس نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے اور دنیا کی نظروں میں ملکی پریس اور صحافت کو ذلیل اور رسوا کر دیا ہے یہ ظاہر ہے کہ واقعہ کی ابتدا مسلمانوں اور پولس میں تصادم اور پھر پولس کی قطعاً

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



غیر قانونی بے پناہ فائرنگ سے ہوئی جس کے نتیجہ میں مسلمان بوڑھے اور جوان، بچے ایک بڑی تعداد میں لقمۂ اجل بنے اور زخمی ہوئے، پولیس نے اس پر ہی بس نہیں کیا بلکہ کرفیو کی آڑ میں ہندو اور مسلمانوں کی دکانوں کو لوٹا اور آگ لگائی اور زدوکوب کیا اور اس بات کی کوشش کی کہ ان کی اور مسلمانوں کی کشمکش فرقہ وارانہ فسادات کی شکل اختیار کر لے، یہ کوشش جزوی طور پر کامیاب ہوئی اور بڑے پیمانہ پر کامیاب نہ ہو سکی۔ چنانچہ متعدد مقامات پر ہندوؤں کی بعض مذہبی جماعتوں تک نے مراد آباد کی عیدگاہ میں مسلمانوں کے ساتھ جو سلوک کیا گیا تھا اس پر کھلے دل سے مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی اور پولیس کے خلاف غم و غصہ اور نفرت کا برملا اظہار کیا، لیکن پریس نے افتراء پردازی اور بہتان تراشی کی حد کر دی۔ اس نے ان واقعات کی تصویر کشی اس طرح کی کہ گویا مسلمان حکومت کا تختہ الٹنے کا منصوبہ بنائے ہوئے ہیں، اس مقصد کیلئے پاکستان اور عرب ممالک سے انہوں نے ساز باز کر رکھا ہے، ان ملکوں سے وہ روپیہ لے رہے ہیں اور ہتھیار جمع کر رکھے ہیں، بہیمیت اور درندگی کی مثال اس سے بڑھکر کوئی اور نہیں ہو سکتی کہ اپنے ظلم و جور اور سفاکی پر پردہ ڈالنے کیلئے مظلوم کو ہی قسم قسم کی دروغ بیانیوں سے مورد طعن و تشنیع اور ملزم قرار دیا جائے، لیکن اس مرتبہ پریس نے بحیثیت مجموعی یہ سارے کھیل کھیلے ہیں ؎ زشت روئی سے تری آئینہ ہے رسوا تیرا

---

کہتے ہیں یہ واقعات ایک سازش کا نتیجہ ہیں، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ایک گہری سازش ان واقعات کے پس پردہ ہے، لیکن یہ سازش کیا ان مسلمانوں کی ہے جو اپنے ایک نہایت اہم تہوار کے دن اپنے ہزاروں بچوں اور بچیوں کے ساتھ اپنے رب کی عبادت کرنے گئے تھے؟ قطعاً ناممکن! کیا یہ سازش ان ہندو اور سکھ عوام کی تھی جو اپنے برادران وطن مسلمانوں کے ساتھ ملے جلے رہتے ہیں، کاروبار میں شریک اور دفتروں میں شانہ بشانہ ہیں اور جنہیں اپنے ملک اور قوم سے محبت ہے؟ ہرگز نہیں! بلکہ یہ سازش درحقیقت اس فسطائی جماعت کی ہے جو ایک مدت دراز سے نہایت منظم طریقہ پر کام کر رہی ہے، جس کی آئیڈیالوجی مسلمانوں اور اسلام کے خلاف بغض و عداوت پیدا کرنا اور جمہوریت، سکولرزم اور سوشیالزم کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنا ہے اس آئیڈیالوجی کے ماتحت اس جماعت نے ہزاروں لاکھوں نوجوانوں کی ذہنی تربیت کی ہے اور انہیں نیم

© rasailojaraid.com